سوال

حضرت امام جعفر صادق رحمت اللہ علیہ کی کتنی اولادیں ہیں ان کے نام تفصیل سی بتائیں ۔

جواب

امام جعفر صادق کی اولادالسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ امام جعفر صادق کی کتنی اولادیں تھیں، ان کے نام بتا دیں ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! امام جعفر صادق اہل تشیع میں سیدنا علی سے شروع ہونے والے سلسلۂ امامت کے چھٹے (6) امام تھے ۔ آپ کا نام جعفر، کنیت ابوعبداللہ اور لقب صادق تھا ۔ آپ امام محمد باقر کے بیٹے امام زین العابدین کے پوتے اور سیدنا حسین کے پڑپوتے تھے ۔ آپ کے مختلف بیویوں سے دس بیٹے بیٹیاں تھے جن میں سے سات لڑکے اور تین لڑکیاں تھیں لڑکوں کے نام یہ ہیں ۔ 1 ۔ اسماعیل ۲-موسی کاظم ۳-عبداللہ ۴-اسحاق ۵-محمد ۶ ۔ عباس ۷ ۔ علی ۔ اورلڑکیوں کے اسماء یہ ہیں : ۱-ام فروہ ۲-اسماء ۳-فاطمہ (نورالابصار : ۱۳۳) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی